## ایم کیوایم شعبہ خواتین کی کارکن محترمہ مہ جبیں اور بزرگ کارکن صداقت حسین کے انتقال پرالطاف حسین کا اظہارافسوس

لندن۔۔۔20، جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم شعبہ خواتین یونٹ 154 کی کارکن محترمہ مہ جبیں اورایم کیوایم ایلڈرزونگ سوسائٹی سیکٹر یونٹ 64 کے کارکن صداقت حسین کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ محترمہ مہ جبیں مرحومہ اورصداقت حسین مرحوم کواپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطافرمائے ،مرحومین کے درجات بلندفرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

## اگراپوزیشن کے اراکین کے مطابق عمران خان کے خلاف ریفرنس غلط ہے تو پھر وہ آرٹیکل 62،63 کو آئین سے نکلوانے کیلئے آواز کیوں نہیں اٹھاتے؟ڈاکٹرعمران فاروق

## اپوزیشن کی مذہبی وسیاسی جماعتوں نے ایک بدکردار شخص کی حمایت کرکے اپنے منافقانہ کردار کاعملی مظاہرہ کیا ہے

## پاکستان کے غیورعوام خصوصاً خواتین ان ملاؤں اورنام نہاد مذہبی جماعتوں کے خلاف پوری طرح متحد ہوجائیں

لندن۔۔۔20جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے کنوینر ڈاکٹرعمران فاروق نے قومی اسمبلی کے اجلاس میں عمران خان کے خلاف نااہلی کا ریفرنس الیکشن کمیشن کوبھیجنے پراپوزیشن کے احتجاج اوراس ریفرنس کوسیاسی انتقام قرار دینے پرتبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگراپوزیشن کے مطابق زنا کے مرتکب رکن اسمبلی کے خلاف ریفرنس الیکشن کمیشن کوبھیجنا غلط ہے تو پھراپوزیشن کے اعتراض کی رو سے ان ہزاروں مردوخواتین قیدیوں کوبھی فی الفور رہا کردینا چاہیے جوحدود قوانین کے تحت ملک کی مختلف جیلوں میں قید ہیں۔انہوں نے سوال کیا کہ یہ کونسا دوہرا معیار ہے کہ عمران خان کیلئے دوسرا قانون ہواور باقی دیگر پاکستانیوں کیلئے کوئی اور قانون ہو؟ڈاکٹرعمران فاروق نے کہا کہ اپوزیشن کے جن رہنماؤں نے عمران خان کے خلاف ریفرنس پراعتراضات اٹھائے اوراپنا احتجاج رجسٹرڈ کرایا تو کیااس احتجاج کے ذریعے اپوزیشن کے ارکان یہ چاہتے ہیں کہ پاکستان میں بھی وہی اصول وضوابط اورقواعد اختیار کرلئے جائیں جومغربی ممالک کی سوسائٹی نے اختیار کررکھے ہیں اورجسکے تحت وہاں کی سوسائٹی نے اپنے شہریوں کو یہ فری چوائس دے رکھی ہے کہ پارٹنر کی حیثیت سے ایک ساتھ رہنے والے مردوخواتین چاہے شادی سے پہلے سیکس کریں یا شادی کے بعد۔ڈاکٹرعمران فاروق نے کہا کہ اپوزیشن کے اراکین قوم کو یہ جواب دیں کہ پاکستان ایک اسلامی ریاست ہے یا غیراسلامی ریاست؟اگراپوزیشن کے اراکین کے اعتراضات کے مطابق عمران خان کے خلاف ریفرنس غلط ہے تو پھر وہ اپنے اعتراضات کے مطابق پاکستان کے نام''اسلامی جمہوریہ پاکستان'' سے لفظ''اسلامی'' نکلوانے کا مطالبہ کیوں نہیں کرتے؟اورآئین کے آرٹیکل 62،63 کوآئین سے نکلوانے کیلئے آواز کیوں نہیں اٹھاتے؟انہوں نے کہا کہ اپوزیشن کے ارکان ایک طرف تواسلامی قوانین کی بات کرتے ہیں جبکہ دوسری طرف وہ آرٹیکل 62،63 کے تحت عمران خان کے خلاف جمع کرائے گئے ریفرنس کوالیکشن کمیشن کوبھیجنے پراحتجاج کرتے ہیں اوراس پراسمبلی کا بائیکاٹ کرتے ہیں۔اس طرح دراصل وہ آئین پاکستان کی دفعات کے خلاف بائیکاٹ کرتے ہیں۔ڈاکٹرعمران فاروق نے کہا کہ ایک عدالت کا فیصلہ واضح الفاظ میں موجود ہے کہ عمران خان نے سیتاوائٹ نامی خاتون کے ساتھ ناجائزتعلقات قائم کئے جس کے نتیجے میں ایک بچی پیدا ہوئی۔انہوں نے کہا کہ ہمیں حیرت ہے کہ اپوزیشن کے ارکان نے عمران خان کے غیراسلامی اورغیرشرعی فعل کی حمایت کرنے کی جرات کیسے کی؟کیاوہ مغربی ممالک کی طرح پاکستان میں بھی شادی سے پہلے سیکس کی چوائس متعارف کرانے کے حامی ہیں؟ڈاکٹرعمران فاروق نے کہا کہ پاکستان کے غیورعوام خصوصاً خواتین اس بات پرخصوصی توجہ دیں کہ یہ ملااوردینی جماعتیں ایک طرف توعورت کے ووٹ دینے کوغیراسلامی قرار دیتی ہیں اورشٹل کاک کا برقعہ نہ پہننے والی عورتوں کے چہروں پرتیزاب پھینکنے کا درس دیتی ہیں دوسری طرف یہی دینی جماعتیں ایک بدکردار شخص کی حمایت کررہی ہیں جسکے بارے میں ثبوت وشواہد موجود ہیں کہ وہ ایک ناجائزبچی کا باپ ہے۔ڈاکٹرعمران فاروق نے کہا کہ مذہبی جماعتوں نے ایک بدکردار شخص کی حمایت کرکے اپنے منافقانہ کردار کاعملی مظاہرہ کردیا ہے لہٰذا پاکستان کے غیور عوام خصوصاً خواتین ان ملاؤں اورنام نہاد مذہبی جماعتوں کے منافقانہ کردار سے پوری طرح آگاہ ہوجائیں اوران نام نہاد ملاؤں کے خلاف پوری طرح متحد ہوکرصدائے احتجاج بلند کریں۔

## سبزی منڈی یوسی 4 گجرو گڈاپ ٹاؤن کے رہائشی اسلم کشمیری،اعظم کشمیری اور مجید کنگلہ جرائم پیشہ ہیں ان افراد کا ایم کیوایم سے کوئی تعلق نہیں ہے،رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔20، جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے سبزی منڈی یوسی 4 گجرو ( گڈاپ ٹاؤن ) رہائشی افراد اسلم کشمیری،اعظم کشمیری اور مجید کنگلہ سے لاتعلقی کا اظہار کیا ہے۔ایک وضاحتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ مذکورہ افراد جرائم پیشہ ہیں اور خود کو ایم کیوایم کا کارکن ظاہر کرتے ہیں جبکہ ان جرائم پیشہ افراد کا ایم کیوایم سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

## پنجاب میں طوفانی بارش کے باعث جانی و مالی نقصان پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔20، جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے پنجاب میں طوفانی بارش کے نتیجے میں جانی و مالی نقصان اور متعدد افراد کے زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے جاں بحق افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق ہونے والے افراد کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔رابطہ کمیٹی نے طوفانی بارشوں کے نتیجے میں زخمی ہونے والے افراد کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے بھی دعا کی۔

## ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا اور پی آئی بی سیکٹر کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔20، جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا یونٹ 144 کے یونٹ انچارج وسیم مصطفےٰ کی والدہ محترمہ شکیلہ سلطانہ اور ایم کیوایم پی آئی بی سیکٹر یونٹ 50 کے کارکن ارشاد کے والد اسماعیل کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔( آمین )

## ایم کیوایم ساؤتھ افریقہ یونٹ کے زیر اہتمام سانحہ 19 جون کے شہداء کی برسی منائی گئی

جوہانسبرگ۔۔۔20، جون 2007ء

ایم کیوایم ساؤتھ افریقہ یونٹ کے زیر اہتمام سانحہ 19، جون 1992ء کے شہداء کی پندرہویں برسی عقیدت واحترام سے منائی گئی اور شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔یہ اجتماعات جوہانسبرگ، ڈربن، پریٹوریا، پیٹر مرز برگ اور بھوکمپ میں منعقد کیے گئے جن میں ایم کیوایم ساؤتھ افریقہ یونٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان اور ہمدرد پاکستانیوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے 19، جون کے شہداء سمیت تحریک کے تمام شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ حق پرست شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی اور شہداء کی قربانیوں کی بدولت حق پرستی کی تحریک اپنی منزل پر ضرور پہنچے گی۔بعدازاں حق پرست شہداء کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی گئی۔

## وہاڑی میں 19، جون کے شہداء کی پندرہویں برسی کے موقع پر قرآن خوانی کا اجتماع

وہاڑی۔۔۔20، جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ ڈسٹرکٹ وہاڑی کے زیراہتمام 19، جون 1992ء کے شہداء کی پندرہویں برسی منائی گئی اور شہداء کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی۔ قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماع میں ایم کیوایم وہاڑی کی ڈسٹرکٹ کمیٹی کے ارکان اور کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور حق پرست شہداء کوزبردست خراج عقیدت پیش کیا۔تعزیتی اجتماع سے ایم کیوایم پنجاب کی نگراں کمیٹی کے رکن یاور جمیل، لاہورنگراں کمیٹی کے رکن عابدزیدی اور پنجاب آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن ڈاکٹرعلی حسن نے گفتگوکرتے ہوئے کہا کہ حق پرستی کا پیغام پنجاب کے گوشے گوشے میں پھیل رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ حق پرستی کی جدوجہد میں قائدتحریک جناب الطاف حسین کے بڑے بھائی ناصرحسین اور بھتیجے عارف حسین سمیت تحریک کے ہزاروں شہداء کا لہوشامل ہے اورتحریک کے پرعزم کارکنان حق پرست شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جانے دیں گے۔انہوں نے کہا کہ تمام ترمصائب ومشکلات کے باوجود پنجاب میں حق پرستی کی جدوجہد جاری رہے گی۔

## حق پرستی کے مشن ومقصد کی کامیابی کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے،ایم کیوایم صادق آباد

## صادق آباد میں شہداء کی پندرہویں برسی کے موقع پر قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا اجتماع

صادق آباد۔۔۔20، جون 2007ء

19، جون 1992ء کے شہداء کی پندرہویں برسی کے سلسلے میں ایم کیوایم صادق آباد کے زیراہتمام قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا اجتماع ہوا جس میں ایم کیوایم صادق آباد کی ڈسٹرکٹ کمیٹی کے ارکان، میڈیکل ایڈ کمیٹی، شعبہ خواتین، ایم کیوایم لیاقت پور، رحیم یارخان اوراے پی ایم ایس او کے ذمہ داران اور کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی اورحق پرست شہداء کوزبردست خراج عقیدت پیش کیا۔ بعدازاں اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ کمیٹی کے ارکان نے 19، جون کے شہداء کوزبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کے پرعزم کارکنان اپنے شہداء کی قربانیوں کوکبھی فراموش نہیں کریں گے اورحق پرستی کے مشن ومقصد کی کامیابی کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کا فکروفلسفہ پنجاب کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام میں فروغ پارہا ہے اورانشاءاللہ بہت جلد پنجاب سمیت ملک بھر کے عوام اپنا جمہوری حق استعمال کرتے ہوئے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ کردیں گے۔

## ڈسٹرکٹ خوشاب میں سانحہ 19 جون کے شہداء کے لئے تعزیتی اجتماع

خوشاب۔۔۔20، جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ ڈسٹرکٹ خوشاب کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے کہا ہے کہ ظلم وستم اور منفی پروپیگنڈوں کے ذریعے حق پرستی کی تحریک کوختم نہیں کیا جاسکتا اور نہ ہی تحریک کے پرعزم کارکنان کے حوصلے پست کیے جاسکتے ہیں۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز خوشاب میں سانحہ 19، جون 1992ء کے شہداء کی 15ویں برسی کے سلسلے میں قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اجتماع میں ایم کیوایم خوشاب کی ڈسٹرکٹ کمیٹی کے ارکان، کارکنان اورعلاقے کے ہمدردوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔انہوں نے تحریک کے تمام شہداء کوزبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کے پرعزم کارکنان حق پرست شہداء کے مشن ومقصد کی تکمیل کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔انہوں نے 19، جون کے شہداء کوزبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ تحریک کے تمام شہداء کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، سوگواران کوصبرجمیل عطا کرے اورحق پرستی کی جدوجہد کوکامیابی سے سرفراز فرمائے۔(آمین)

## قاضی حسین احمد اور فضل الرحمٰن شرعی احکامات کے حوالے سے پوچھے گئے متحدہ قومی موومنٹ کے علماء ونگ کے سوالات کا جواب کیوں نہیں دیتے؟ اے پی ایم ایس او

کراچی۔۔۔20، جون 2007ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کی تنظیم نو کمیٹی کے اراکین نے کہا ہے کہ متحدہ مجلس عمل کے رہنما قاضی حسین احمد اور مولانا فضل الرحمٰن قوم کو جواب دیں کہ وہ شرعی احکامات کے حوالے سے پوچھے گئے ایم کیوایم کے علماء ونگ کی جانب سے سوالات کا جواب کب دیں گے؟ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ متحدہ مجلس عمل کے رہنماء بالخصوص قاضی حسین احمد اور مولانا فضل الرحمان دن رات شریعت اور حدود اللہ کی بات کرتے ہیں لیکن وہ آج تک ایم کیوایم علماء ونگ کی جانب سے پوچھے گئے سوالات کے جواب دینے سے راہ فرار اختیار کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ کے علماء ونگ کے ارکان کی جانب سے قاضی حسین احمد اور مولانا فضل الرحمان سے دریافت کیا گیا ہے کہ ایک ایسا شخص جس کے بارے میں ثبوت وشواہد سے ثابت ہوچکا ہو کہ وہ غیر کلمہ گو کے ساتھ ہم بستری کرتا رہا ہو اور ہم بستری کے نتیجے میں ایک ناجائز بچی کا باپ ہو کیا اس کے ساتھ اٹھنا بیٹھنا، کھانا پینا، اس سے بغل گیر ہونا اور اس کی حمایت کا اعلان کرنا شریعت کے مطابق جائز ہے؟ اور کیا ایسے شخص کی حمایت کا اعلان کرنا حدود اللہ کی خلاف ورزی نہیں ہے؟ انہوں نے متحدہ مجلس عمل کے رہنماؤں سے دریافت کیا کہ آخر وہ قوم کو ان سوالوں کے جوابات دینے سے کیوں گھبرا رہے ہیں؟

## حق پرست صوبائی مشیر اطلاعات اور نومنتخب ٹاؤن ناظمین نے الطاف حسین کے والدین اور حق پرست شہداء کی قبروں پر حاضری دی

کراچی۔۔۔20، جون 2007ء

حق پرست صوبائی مشیر اطلاعات حامد عابدی، ایم کیوایم کے حمایت یافتہ جمشید ٹاؤن کے نومنتخب ٹاؤن ناظم جاوید احمد اور گلبرگ ٹاؤن کے نومنتخب ٹاؤن ناظم کمال احمد نے اپنے عہدے کا حلف اٹھانے کے بعد عزیز آباد اور پاپوش نگر کے قبرستان جاکر قائد تحریک جناب الطاف حسین کے والدین اور حق پرست شہداء کی قبروں پر حاضری دی اور پھولوں کی چادر چڑھائی۔ اس موقع پر انہوں نے جناب الطاف حسین کے والد محترم نذیر حسین مرحوم، والدہ محترمہ خورشید بیگم مرحومہ، بڑے بھائی ناصر حسین شہید، بھتیجے عارف حسین شہید اور حق پرست شہداء کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔

## ساہیوال میں بعض وکلاء کی جانب سے ایم کیوایم سے تعلق رکھنے والے وکلاء کارکنان پر تشدد پنجاب میں ایم کیوایم کے پیغام کو روکنے کیلئے جاگیردارانہ نظام کے محافظ اوچھے ہتھکنڈوں پر اتر آئے ہیں۔ سلیم شہزاد

لندن۔۔۔20، جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد نے ساہیوال میں بعض وکلاء کی جانب سے ایم کیوایم سے تعلق رکھنے والے وکلاء کارکنان کو تشدد کا نشانہ بنانے کی شدید مذمت کی ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ آج ساہیوال سے تعلق رکھنے والے بعض وکلاء ایم کیوایم ڈسٹرکٹ ساہیوال کی آرگنائزنگ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج امین خضر بھٹی ایڈوکیٹ کے چیمبر پر دھاوا بول کر ایم کیوایم ساہیوال کی تحصیل کمیٹی کے رکن محمد اقبال بھٹی اور ایم کیوایم کے ہمدرد اکرم اعوان کو تشدد کا نشانہ بنایا، انہیں سنگین نتائج کی دھمکیاں دیں اور چیمبر کو تالا لگا کر چلے گئے۔ سلیم شہزاد نے کہا کہ پنجاب میں ایم کیوایم کے حق پرستانہ پیغام کے تیزی سے پھیلنے سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے محافظ بری طرح بوکھلاہٹ کا شکار ہیں اور حق پرستی کے پیغام کو روکنے کیلئے اوچھے ہتھکنڈوں پر اتر آئے ہیں۔ سلیم شہزاد نے کہا کہ دہشت گردی اور پرتشدد کارروائیوں کے ذریعے نہ تو ایم کیوایم کے کارکنان کے حوصلے پست کیے جاسکتے ہیں اور نہ ہی حق پرستی کے پیغام کو پھیلنے سے روکا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جو عناصر پرتشدد اور اشتعال انگیز کارروائیوں کے ذریعے متحدہ قومی موومنٹ کا راستہ روکنے کی کوشش کررہے ہیں وہ پنجاب کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے کھلے دشمن ہیں۔ سلیم شہزاد نے صدر جنرل پرویز مشرف اور وزیراعظم شوکت عزیز سے مطالبہ کیا کہ ساہیوال میں ایم کیوایم کے کارکنان کو دہشت گردی کا نشانہ بنانے کا نوٹس لیا جائے اور اس مذموم کارروائی میں ملوث عناصر کو قانون کے مطابق سزا دی جائے۔

## مسلم اسٹوڈنٹس فیڈریشن راولپنڈی کے عہدار عمران گجر کی ساتھیوں سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت
## الطاف حسین پاکستان کے واحد سیاسی رہنما ہیں جنہوں نے مڈل کلاس قیادت کو متعارف کرایا ہے۔عمران گجر
## تمام تر سازشوں کے باوجود ایم کیوایم کا پیغام پھیل رہا ہے۔اقبال محمد علی

اسلام آباد۔۔۔20، جون 20007ء

مسلم اسٹوڈنٹس فیڈریشن راولپنڈی کے عہدار عمران گجر نے اپنے ساتھیوں سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز اسلام آباد میں حق پرست رکن قومی اسمبلی اور ایم کیوایم پنجاب آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن ڈپٹی اقبال محمد علی سے ملاقات کے دوران کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم پنجاب آرگنائزنگ کمیٹی کے دیگر ارکان بھی موجود تھے۔ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے والوں میں عمران گجر کے علاوہ عابد اکرم، سجاد سہیل، چوہدری شاہنواز، چوہدری عبداللہ، شیخ عاطف، ثاقب حسین اور خرم اقبال بھی شامل ہیں۔ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے والوں نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ، ملک بھر کے غریب و متوسط طبقہ کے عوام کے حقوق کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے اور عوام دشمن قوتوں کو ایم کیوایم کا حق پرستانہ فکر و فلسفہ ایک آنکھ نہیں بھارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین پاکستان کے واحد سیاسی رہنما ہیں جنہوں نے مڈل کلاس قیادت اور سیاست میں خدمت کے عمل کو متعارف کرایا ہے اور حق پرستی کی اس جدوجہد میں ہم بھی اپنا ہر ممکن کردار ادا کریں گے۔ڈپٹی اقبال محمد علی نے عمران گجر اور ان کے ساتھیوں کی ایم کیوایم میں شمولیت کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ سازشی عناصر نے ایم کیوایم کو ملک بھر میں پھیلنے سے روکنے کیلئے طرح طرح کی سازشیں کی اور منفی پروپیگنڈے کئے لیکن سیاسی کارکنوں کی ایم کیوایم میں مسلسل شمولیت اس حقیقت کا واضح ثبوت ہے کہ ایم کیوایم کے خلاف تمام تر سازشوں کے باوجود ایم کیوایم کا پیغام پھیل رہا ہے۔

## ایم کیوایم شعبہ خواتین کی کارکن محترمہ مہ جبیں اور بزرگ کارکن صداقت حسین
## دل کا دورہ پڑنے کے باعث انتقال کرگئے، رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔20، جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین کی سینئر کارکن محترمہ مہ جبیں انتقال کرگئیں۔مرحومہ عارضہ قلب میں مبتلا تھیں اور گزشتہ روز دل کا دورہ پڑنے کے باعث انتقال کرگئیں۔محترمہ مہ جبیں مرحومہ کی عمر 60 سال تھی اور ان کے سوگواران میں 5 بیٹے اور 1 بیٹی شامل ہیں۔مرحومہ کو گزشتہ روز یاسین آباد کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔مرحومہ کی نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست صوبائی وزیر رؤف صدیقی، حق پرست ٹاؤن ناظم گلبرگ ٹاؤن کمال احمد، نائب ناظم سہیل زیدی، یوسی ناظمین، کونسلر، ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر کمیٹی کے ارکان، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحومہ کے عزیز واقارب نے شرکت کی۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کی اراکین آنسہ ممتاز انوار، محترمہ خورشید افسر، رکن سندھ اسمبلی بلقیس مختار اور ایم کیوایم شعبہ خواتین کی ارکان نے مرحومہ کی رہائشگاہ جاکر سوگوار خواتین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا اور مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی۔علاوہ ازیں ایم کیوایم سوسائٹی سیکٹر بزرگ کارکن صداقت حسین گزشتہ روز دل کا دورہ پڑنے کے باعث انتقال کرگئے ان کے سوگواران میں بیوہ، ایک بیٹا اور بیٹی شامل ہیں۔صداقت حسین مرحوم کو ماڈل کالونی کے قبرستان میں سپرد خاک کردگیا۔مزید برآں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے محترمہ مہ جبیں اور صداقت حسین مرحوم کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگواران سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔

☆☆☆☆☆